نمک دان ڈائجسٹ — مدیر اعلیٰ: عباس باوزیر۔ دفتر ادارت: ۱۷، ۸ سی بلاک۔ ۲ طارق روڈ پی۔ ای۔ سی ایچ۔ ایس، کراچی ۲۹۔ ضخامت: ۱۶۲ صفحات۔ قیمت فی شمارہ دس روپے۔ سالانہ بذریعہ رجسٹری -/۱۱۰ روپے۔

ہلاکت آفرین، پُرتشدد اور غم افزا دنیا میں انسانی جراحت کا تے پیمان کے لیے مرہم مزاح فراہم کرتے کے والے دو چار جرائد ہیں۔ ان میں اضافہ باعث مسرت ہے۔

ڈائجسٹ کو ڈائجسٹ بنانے کے لیے جس طرح متنوع ہلکے پھلکے مضامین اور واقعاتی قصے درکار ہوتے ہیں وہ سب نمک دان میں ڈائجسٹ میں ہیں۔ مزید ڈائجسٹی شان ان نسوانی تصاویر سے اُبھر آئی ہے جس میں دوسرے بہت سے رسالے بلکہ روزنامے بھی بہت آگے ہیں۔

عباس باوزیر ہمارے دیرینہ کرم فرما ہیں۔ وہ پہلے مزدور تحریک کا جھنڈا اُٹھا کر زخم کھانے نکلے تھے، اب زخم ملے تو ان پر نمک چھڑکنے کا انتظام فرما رہے ہیں۔ واہ، مرداں چنیں کنند۔ کون جانتا ہے کہ ایک انسان کے کتنے روپ ہوتے ہیں۔

بختاور لڑکا — مؤلفہ: دلشاد کلانچوی۔ ناشر: اکادمی سرائیکی ادب بہاولپور ۱۴۔ قیمت: -/۸ روپے۔

کتاب کا پورا نام ہے — "بختاور لڑکا، نیک جوان، آخری نبیؐ"۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کی جھلکیاں مختصر الفاظ اور سادہ زبان میں بچوں کے لیے دکھائی گئی ہیں۔ عبارت سبز رنگ سے چھپی ہوئی ہے اور پھول دار حاشیہ سُرخ رنگ کا ہے۔

لفظ "بختاور" کے معنی اچھے ہیں، مگر حضورؐ کے لیے اس کا استعمال جچتا نہیں۔ رسولوں کا ذکر کرتے ہوئے الفاظ سوچ سمجھ کر استعمال کرنے چاہییں۔

دوسری قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ سیرت سے متعلق ہر جملہ اور ہر لفظ کسی واضح سند پر مبنی ہونا چاہیے۔ خصوصاً بچوں کے کانوں میں کوئی ایسی حکایاتی باتیں نہیں ڈالنی چاہییں جو ثابت شدہ نہ ہوں۔ اُمید ہے کہ اس کا اہتمام مؤلف نے ضرور کیا ہوگا، بس کہیں کہیں شاید ادھر پوری توجہ نہ رہی ہو۔